# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 27 January-2026

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۷؍جنوری ۲۰۲۶ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

پیش ہیں خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ 77 ویں یومِ جمہوریہ کی تقاریب کا پُر جوش انعقاد؛ کرتویہ پتھ پر ملک کی عسکری طاقت کا بھرپور مظاہرہ۔

☆ دستور کے اقدار کی رہنمائی میں ریاست‘ ملک کی ترقی کا انجن بن کر پیش رفت کر رہی ہے: وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کا اظہارِ خیال۔

☆ مراٹھواڑہ کے تمام اضلاع میں یومِ جمہوریہ کے موقع پر رابطہ وزراء کے ہاتھوں پرچم کشائی۔

☆ ریاست کے اسکولی طلباء کی ایک ہی وقت میں حب الوطنی کے گیتوں پر اجتماعی پریڈ؛ لندن کے بک آف ورلڈ ریکارڈز میں اندراج۔

اور۔۔۔☆ آئندہ دو دِنوں میں وسطی مہاراشٹر‘ ودربھ اور مراٹھواڑہ کے چند ایک مقامات پر بارش کی پیشگوئی۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے...

77 واں یومِ جمہوریہ کل ملک بھر میں مختلف تقاریب کے انعقاد کے ساتھ پُر جوش طریقے سے منایا گیا۔ نئی دہلی کے کرتویہ پتھ پر منعقدہ شاندار پریڈ میں ملک کی عسکری قوت کا مؤثر مظاہرہ کیا گیا۔ یوروپین یونین کے صدر انٹونیو کوسٹا اور یوروپین کمیشن کی سربراہ اُرسلا فان ڈیر لین اس تقریب میں بہ حیثیت مہمانِ خصوصی شریک ہوئے۔ ''آزادی کا منتر وندے ماترم‘ اور خوشحالی کا منتر خود کفیل بھارت'' اس برس کی پریڈ کا تصور تھے۔ آپریشن سندور کی جھلک پیش کرنے والی فوجی جھانکی‘ برہموس اور S-400 میزائل‘ ارجن ٹینک‘ 16 لڑاکا طیارے اور بھارت کی دفاعی طاقت کی نمائش کرنے والے جدید ہتھیار اس پریڈ کی خصوصی توجہ کا مرکز رہے۔

کرتویہ پتھ کی سمت جانے والی تمام سڑکوں پر علی الصبح سے شہریوں کا ہجوم اُمڈ پڑا تھا‘ جن میں پریڈ میں حصہ لینے والے تینوں افواج کے فوجی‘ این سی سی کیڈیٹس‘ پریڈ کے نظارے کیلئے مدعو این ایس ایس کارکن‘ سماجی کارکن‘ مثالی گاؤں کے سرپنچ اور بچت گروپوں کی خواتین بھی شامل تھیں۔ صدرِ جمہوریہ کے ہاتھوں پرچم کشائی کے بعد پریڈ کا آغاز ہوا اور مہاراشٹر کی جھانکی سامنے آتے ہی مراٹھی عوام جذباتی ہوگئے۔ ریاستی تہوار قرار دیئے گئے گنیش اُتسو کے وِسرجن کا نظارہ اس چتر رتھ پر پیش کیا گیا تھا۔ مہاراشٹر کے اس ثقافتی ورثے کی جھلک 31 جنوری تک دہلی کے لال قلعے پر دیکھی جاسکے گی۔

بین الاقوامی خلائی اسٹیشن پر قدم رکھنے والے پہلے ہندوستانی گروپ کیپٹن شبھانشو شکلا کو اس موقع پر اشوک چکر سے نوازا گیا۔

***** ***** *****

یومِ جمہوریہ کے سلسلے میں کل گورنر آچاریہ دیووَرت نے ریاست کی عوام سے خطاب کیا۔ انھوں نے کہا کہ مہاراشٹر نے راست غیر ملکی سرمایہ کاری میں ملک بھر میں سبقت حاصل کر رکھی ہے اور عالمی سرمایہ کاروں کیلئے ایک قابلِ اعتماد مرکز کی حیثیت سے سامنے آئی ہے۔ اپنے خطاب میں انھوں نے ریاست کی سنت روایات اور ثقافتی ورثے کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ مہاراشٹر‘ ملک کی معاشی ترقی کا ایک طاقتور انجن بن چکا ہے۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کہا ہے کہ آئین کی اقدار کی رہنمائی میں مہاراشٹر آج ملک کی ترقی کا انجن بن کر پیش رفت کر رہا ہے۔کل ممبئی کے شیواجی پارک میں سرکاری پرچم کشائی کی مرکزی تقریب میں پرچم کشائی کے بعد وہ خطاب کر رہے تھے۔انھوں نے کہا کہ حال ہی میں داؤوس میں اقتصادی کانفرنس کے دوران مہاراشٹر نے 30 لاکھ کروڑ روپئے کے مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کیے ہیں۔ جس سے بڑے پیمانے پر ریاست میں روزگار کے مواقع مہیا ہوں گے۔حکومت کے ذریعے کسانوں کو خوشحال بنانے کی کوشش کی جائیگی۔ جب جب مہاراشٹر کا کسان دشواری کا شکار ہوا تب تب ریاستی حکومت نے اس کی بھرپور مدد کی اور اب اگلے مرحلے میں قحط سے پاک مہاراشٹر بنانے کی کوشش کے طور پر ندی جوڑ پروجیکٹ کے ذریعے ریاست کے کونے کونے میں پانی فراہم کر کے کاشتکاروں کو خوشحال بنایا جائے گا۔

***** ***** *****

مراٹھواڑہ میں یومِ جمہوریہ کے موقع پر ضلع صدر دفاتر پر پرچم کشائی کی تقاریب عمل میں آئیں۔ڈویژن کے تمام اسکولوں' کالجوں اور سرکاری و نیم سرکاری دفاتر میں ڈرل اور ثقافتی پروگرام منعقد کیے گئے۔

چھترپتی سمبھاجی نگر میں رابطہ وزیر سنجئے شرساٹ کے ہاتھوں ترنگا لہرایا گیا۔اس موقع پر انھوں نے پریڈ کا معائنہ کیا اور عوام کو یومِ جمہوریہ کی مبارکباد دی۔انھوں نے کہا کہ دستور کی قدروں پر عمل کرنا ہم تمام کا فرض ہے۔

دھاراشیو میں رابطہ وزیر پرتاپ سرنائیک کے ہاتھوں مرکزی سرکاری تقریب میں پرچم کشائی عمل میں آئی۔اس موقع پر ضلع کے مختلف اسکولوں کے طلبہ نے کم عمری کی شادیوں سے پاک دھاراشیو ضلع اور نقل سے پاک ضلع بنانے کیلئے حلف بھی اٹھایا۔اس موقع پر اجتماعی طور پر وندے ماترم گایا گیا اور اس کے بعد تین ہزار طلبہ نے حب الوطنی کے مختلف نغموں پر ڈرل کا مظاہرہ کیا۔

جالنہ میں پولس ہیڈکوارٹر میدان پر رابطہ وزیر پنکجا منڈے نے مرکزی سرکاری تقریب میں قومی پرچم لہرایا۔اس موقع پر انھوں نے پریڈ کا معائنہ کرنے کے بعد ضلع کی عوام کو مبارکباد دی۔انھوں نے کہا کہ جالنہ ضلع غیر ترقی یافتہ سمجھا جاتا ہے تاہم ضلع میں چلائے جا رہے ترقیاتی کاموں کا انھوں نے تذکرہ کیا۔

پربھنی میں رابطہ وزیر میگھنا بورڈیکر کے ہاتھوں پرچم کشائی عمل میں آئی۔اس موقع پر محکمۂ تعلیم کی جانب سے تقریباً دو ہزار طلبہ نے دیش بھکتی پر مبنی گیتوں پر اپنے فن کا مظاہرہ کیا۔

ہنگولی میں رابطہ وزیر نرہری جھرواڑ' ناندیڑ میں رابطہ وزیر اتل ساوے' لاتور میں رابطہ وزیر شیویندر سنگھ راجے بھوسلے اور بیڑ میں امدادِ باہمی کے وزیر بابا صاحب پاٹل کے ہاتھوں سرکاری تقاریب میں پرچم کشائی کی گئی۔

ممبئی عدالتِ عالیہ کی اورنگ آباد بینچ میں جسٹس وِبھا کنکن واڑی کے ہاتھوں قومی پرچم لہرایا گیا۔چھترپتی سمبھاجی نگر کی ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی میں وائس چانسلر ڈاکٹر وجئے پھلاری کے ہاتھوں' ناندیڑ کی سوامی رامانند تیرتھ مراٹھواڑہ یونیورسٹی میں وائس چانسلر ڈاکٹر منوہر چاسکر کے ہاتھوں اور پربھنی کی وسنت راؤ نائیک زرعی یونیورسٹی میں وائس چانسلر ڈاکٹر اندرا منی کے ہاتھوں پرچم کشائی عمل میں آئی۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

''راشٹر پرتھم'' مہم کے تحت یومِ جمہوریہ کے موقع پر ریاست بھر میں سرکاری پرچم کشائی کے بعد اسکولی طلبہ نے ایک ساتھ قومی نغموں پر اجتماعی پریڈ پیش کی۔ اس مہم میں ریاست کے ایک لاکھ اسکولوں کے دو کروڑ سے زائد طلبہ نے ایک ہی وقت میں نظم وضبط اور ہم آہنگی کے ساتھ یہ پریڈ پیش کی۔ اس مہم کا باضابطہ اندراج لندن کی بین الاقوامی تنظیم ''ورلڈ بک آف ریکارڈ'' میں کیا گیا۔ یہ اطلاع وزیرِ تعلیم دادا بھوسے نے دی۔

***** ***** *****

یومِ جمہوریہ کے موقع پر دہلی کے کرتویہ پتھ پر منعقدہ پریڈ دیکھنے کیلئے ملک بھر سے مہمان مدعو تھے۔ جن میں دھاراشیو ضلع کے جکے کُرواڑی کے سرپنچ امرسوریہ ونشی اور ناندیڑ ضلع کے یوولی کے سرپنچ شیتل کنٹھاڑ کو بھی مدعو کیا گیا تھا۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت کے 150 دنوں کے ای گورننس اصلاحاتی پروگرام کے تحت بہترین کارکردگی دکھانے والے دفاتر کی فہرست کل جاری کی گئی۔ بہترین انسپکٹر جنرل پولس دفتر کے زمرے میں ناندیڑ دفتر نے ریاست میں پہلا مقام حاصل کیا۔ بہترین ضلع کلکٹر دفتر کے زمرے میں دھاراشیو نے تیسرا اور لاتور نے چوتھا مقام حاصل کیا، جبکہ ڈویژنل کمشنر دفتر کے زمرے میں چھترپتی سمبھاجی نگر کے دفتر نے دوسرا مقام حاصل کیا۔

***** ***** *****

قومی بینکوں کے کام کاج کیلئے پانچ دن کا ہفتہ کرنے اور دیگر مطالبات پر آج ملک گیر ہڑتال کا فیصلہ بینک ملازمین کی تنظیموں نے کیا ہے۔ اس ضمن میں چیف لیبر کمشنر کے ساتھ جاری گفت وشنید ناکام ہوجانے پر بینک ملازمین کی 9 تنظیموں نے یہ فیصلہ کیا۔ تاہم اس سلسلے میں جاری کردہ خبروں میں بتایا گیا ہے کہ خانگی شعبے کی بینکوں کے ملازمین اس ہڑتال میں شرکت نہیں کریں گے۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلع پریشد کے نئے آڈیٹوریم کا افتتاح رابطہ وزیر اتل ساوے کے ہاتھوں عمل میں آیا۔ اس موقع پر انھوں نے ناندیڑ ضلع کے سرپنچوں اور عوام سے اپیل کی کہ ''مکھیہ منتری خوشحال پنچایت راج'' مہم میں مؤثر شرکت کریں، کیونکہ یہ مہم گاؤوں کی ہمہ گیر ترقی کا تاریخی موقع ہے اور صرف عوامی شراکت کے ذریعے ہی اسے کامیاب کیا جاسکتا ہے۔

***** ***** *****

موسم: ریاست کے مختلف مقامات پر سردی کی شدت میں نسبتاً کمی واقع ہوئی ہے۔ آئندہ دو دنوں میں وسطی مہاراشٹر، مراٹھواڑہ اور وِدربھ کے چند ایک مقامات پر بارش کی پیشگوئی محکمۂ موسمیات نے کی ہے۔

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**اور آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر...**

☆ 77ویں یومِ جمہوریہ کی تقاریب کا پُر جوش انعقاد؛ کرتویہ پتھ پر ملک کی عسکری طاقت کا بھر پور مظاہرہ۔

☆ دستور کے اقدار کی رہنمائی میں ریاست، ملک کی ترقی کا انجن بن کر پیش رفت کر رہی ہے: وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کا اظہارِ خیال۔

☆ مراٹھواڑہ کے تمام اضلاع میں یومِ جمہوریہ کے موقع پر رابطہ وزراء کے ہاتھوں پرچم کشائی۔

☆ ریاست کے اسکولی طلباء کی ایک ہی وقت میں حب الوطنی کے گیتوں پر اجتماعی پریڈ؛ لندن کے بک آف ورلڈ ریکارڈز میں اندراج۔

اور۔۔۔☆ آئندہ دو دِنوں میں وسطی مہاراشٹر، وِدربھ اور مراٹھواڑہ کے چند ایک مقامات پر بارش کی پیشگوئی۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی آکاشوانی سے علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

**ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

***** ***** *****